Subject: English | Lesson Plan 2 | 60 Minutes

Topic: English Alphabet

Learning Outcomes

حاصلات تعلم

- Articulate, identify and differentiate between sounds of individual letters in a word.
- Identify and articulate common sign words and words with common spelling patterns.
- Write small and capital letters in series and in random order.
- Demonstrate use of common conversations and dynamics of group oral interactions.
  Exchange basic routine greetings, recite poem, describe things and objects in surroundings.

Resources

تدریسی معاونات

- Textbook, blackboard, alphabet charts including capital (A-Z) and small letter (a-z), key words chart, poem chart "A, B, C, D"

SEDiNFO.COM

Show and Tell

3 min

پیشکش

مہارتیں: سننااور بولنا

تدریس سے ایک دن پہلے: پیشکش کے لیے کسی ایک طالب علم کو ایک دن پہلے منتخب کریں۔ منتخب طالب علم کو گھر سے کوئی ایک چیز لانے کو کہیں (مثلاً کھلونا، کتاب یا کوئی کارآمد چیز)۔ طالبِ علم کو ہدایت دیں کہ اسے اپنی لائی ہوئی چیز کے نام، رنگ، شکل اور استعمال کے بارے میں اپنے ساتھی طلبہ کو English میں بتانا ہے۔ اُس کی رہنمائی کے لیے درج ذیل پیراگراف سے مدد لیں۔

Assalam o Alaikum Everyone

My name is……Today I brought a ……for you. Its' colour is ……. Its shapes is ……... I use it to …….. Thank you

- طلبہ کو بتائیں کہ Show and Tell کا وقت ہو گیا ہے۔
- منتخب طالب علم کو تمام طلبہ کے سامنے بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ اپنی لائی ہوئی چیز کے بارے میں سب کو بتائے۔
- منتخب طالب علم اپنی لائی ہوئی چیز اپنے ساتھی طلبہ کے سامنے پیش کرے گا اور اس کا نام، رنگ، شکل اور استعمال کے بارے میں بتائے گا۔
- منتخب طالب علم ابتداء میں اپنا تعارف اور اختتام میں شکریہ ادا کرے۔
- اگر طالب علم کو رہنمائی یا مدد درکار ہو تو اس صورت میں طلبہ سے درج ذیل سوالات پوچھیں:

- What is this?
- What is the colour of this ……?
- What is the shape of this ……?
- Where do you use it?

- English میں مکمل جواب نہ آنے کی صورت میں خود مکمل جواب English میں دیں اور پھر طالب علم کو اس جواب کو دہرانے کو کہیں۔
- طالب علم کو مکمل جملے کی صورت میں جواب دینے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کی سہولت کے لیے پہلے خود پیشکش دیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہم یہ سرگرمی روزانہ کریں گے۔
- انھیں یہ بھی بتائیں کہ یہ سرگرمی دو سے تین طلبہ سے روزانہ کروائی جائے گی اور دیگر طلبہ کو بھی اس میں شامل کیا جائے گا۔
- پیشکش میں شامل طالب علم کا نام لے کر اس کا شکریہ ادا کریں۔
- اگلے دن کے لیے کوئی تین طلبہ کی نشاندہی کر لیں۔

2 min

Keywords

کلیدی الفاظ

مہارتیں: سننا، بولنا اور پڑھنا

- کلیدی الفاظ کی فہرست جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اب ہم keywords پڑھیں گے۔
- ہر ایک کلیدی لفظ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تمام الفاظ کو متعارف کروائیں۔
- طلبہ کے ساتھ کلیدی الفاظ باآواز بلند پڑھیں۔
- ان الفاظ کو روزانہ دہرائیں۔
- چار سے پانچ دن بعد طلبہ کا test بھی لیا جا سکتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ انھوں نے الفاظ سیکھ لیے ہیں یا نہیں۔ جنہیں مدد یا رہنمائی کی ضرورت ہے ان کے لیے الفاظ دوبارہ دہرائیں۔

Keywords

that were this from with the are is am was

10 min

Story / Poem

کہانی / نظم

مہارتیں: سننا اور بولنا

- طلبہ کو بتائیں کہ اب ہم نظم سنیں گے۔
- تمام طلبہ کو دائرہ کی شکل میں کھڑا کریں۔

SEDiNFO.COM

- تختہ تحریر پر مندرجہ ذیل نظم لکھیں یا تصویری نظم کی مدد سے طلبہ کو سنائیں اور انھیں ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کریں۔
- نظم کو آواز کے اتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ردھم کے ساتھ طلبہ کو پڑھائیں۔

Poem A, B, C, D

A, B, C, D, E, F, G,
H, I, J, K, L, M, N, O, P,
Q, R, S, T, U, V,
W, X, Y Z,
Now I know my abc
Next time won't you sing with me.

"Poem reference: https://www.youtube.com/watch?v=Y88p4V_BCEU"

- نظم کو کلاس میں طلبہ کے ساتھ مل کر دو سے تین بار پڑھیں۔

5 min

Concept Time

سبقی تصور

مہارتیں: سننا اور بولنا

- نظم کا سبقی تصور سے سے ربط رکھنے کے لیے درج ذیل letters بورڈ پر لکھیں اور ان letters کے sounds طلبہ سے پوچھیں۔

Aa, Ff, Oo, Xx, Yy

- مختلف طلبہ سے ایک ایک letter کا sound پوچھیں غلط sound بتانے پر بھی طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
"اور کہیں آئیں مل کر letters کے نام اور sounds سیکھتے ہیں۔"
- طلبہ کو small + capital letter اور اس سے بننے والے words کا چارٹ دکھائیں یا بورڈ پر درج ذیل table بنائیں English Grade 2 کی کتاب کا صفحہ نمبر 1 سے لے کر 10 تک بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- طلبہ کے ساتھ ہر ایک letter کی آواز، اس کی small اور capital شکل اور اس سے بننے والے words دہرائیں۔

Letter	Phoneme	Keywords
A	/a/	apple, ant, aero plane
B	/b/	bed, book, banana
C	/c/	cup, cow, cat
D	/d/	dog, duck, door
E	/e/	egg, elephant, elbow
F	/f/	fan, fish, frog
G	/g/	goat, gate, girl
H	/h/	hat, horse, hen

SEDiNFO.COM

Letter	Phoneme	Keywords
I	/i/	insect, ink, igloo
J	/j/	juice, jacket, jug
K	/k/	key, king, kite
L	/l/	lion, leaf, lemon
M	/m/	mango, moon, mouse
N	/n/	nail, nose, nest
O	/o/	orange, ox, olive
P	/p/	pen, pet, pillow
Q	/q/	queen, quail, quilt
R	/r/	rose, ring, rabbit
S	/s/	sun, soap, spoon
T	/t/	tap, table, tree
U	/u/	uncle, umbrella, urn
V	/v/	van, vegetables, vulture
W	/w/	watch, wall, window
X	/x/	box, fox, ox
Y	/y/	yoghurt, yolk, yellow
Z	/z/	zip, zoo, zebra

SEDiNFO.COM

- ہر letter کے sound پر خاص توجہ دیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ بھی درست آواز نکال رہے ہوں۔
- طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو جانچنے کے لیے جماعت میں سے کسی ایک طالب علم کو منتخب کر کے اس سے سکھائے جانے والے letter کی آواز، small اور capital شکل اور اس سے بننے والے الفاظ پوچھیں۔
- غلط بتانے کی صورت میں بھی طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور تصور کو دوبارہ دہرائیں۔

10 min

سرگرمی نمبر 1

مہارتیں: سننا اور بولنا

- طلبہ کو انفرادی طور پر کام کرنے دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ آپ ان کے سامنے کچھ الفاظ بولیں گے۔ تمام طلبہ ہر لفظ کو غور سے سنیں اور اس کے پہلے letter کی آواز کو پہچان کر letter name اپنی نوٹ بک پر تحریر کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ letters' name کو small letters میں لکھنا ہے۔
- درج ذیل words کلاس میں باآواز بلند اور درست تلفظ کے ساتھ ادا کریں۔

kid, net, ran, goat, yolk, red, lamp, sun, wall, apricot, zoo, jeep, box, cat, tiger, egg, foam, hen, orange, ink, moon, uncle, x-ray.

- Words کو pronounce کرتے ہوئے آواز کو واضح رکھیں تاکہ طلبہ آوازوں کو پہچان سکیں ۔
- طلبہ سے لکھوائے گئے تمام small letters کے سامنے (capital letters) letter names بھی لکھوائیں۔
- طلبہ کے انفرادی کام کے دوران کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور ان کی مناسب رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر 2

10 min

مہارتیں: سننا اور بولنا

- طلبہ کی توجہ دوبارہ بورڈ کی طرف کروائیں۔
- دیے گئے table کو یا تو بورڈ پر بنالیں یا اس کا چارٹ بنا کر کلاس میں آویزاں کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پہلے ہم نے ایک letter کا ایک sound سیکھا ہے اور اب ہم ایک letter کے مزید اور sounds سیکھیں گے۔
- بورڈ پر بنے table یا چارٹ پر لکھے ہر ایک letter اور اس ایک letter کی مختلف آوازوں کو اس سے بننے والے words کی مدد سے باآواز بلند پڑھائیں۔
- اس مرحلے پر بھی آوازوں کے sounds پر focus کریں۔
- طلبہ کو بھی letter کے نام، اس کی مختلف آوازیں اور اس سے بننے والے الفاظ باآواز بلند پڑھائیں۔
- طلبہ کی شمولیت کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ طلبہ درست آواز میں پڑھ اور سیکھ رہے ہوں۔
- طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو جانچنے کے لیے جماعت میں سے کسی بھی ایک طالب علم کو منتخب کر کے سکھائے جانے والے letters کی آواز، نام اور اس سے بننے والا word پوچھیں۔
- جواب درست نہ ہونے کی صورت میں بھی طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور تصور کو دوبارہ دہرائیں۔

سرگرمی نمبر 3

10 min

مہارتیں: سننا اور بولنا

- طلبہ کے جوڑے بنائیں اور جوڑوں میں کام کرنے کے اصول دہرائیں۔

اصول: ایک دوسرے سے مشورہ کریں گے۔ مل کر کام کریں گے۔ آہستہ آواز میں بات کریں گے۔ ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔ اور کام وقت پر مکمل کریں گے۔ ایک دوسرے کی رائے کا احترام کریں گے۔

- درج ذیل الفاظ ایک ایک کر کے کلاس میں باآواز بلند پڑھیں

SEDINFO.COM

- ہر جوڑے کو ہدایت دیں کہ وہ word کے first letter آپس میں مشورہ کے بعد نوٹ بک پر لکھیں۔

monkey, ostrich, elbow, house, tree, nose, water, rabbit, fan, pen, mug, sun, box, hi, ox, baby, candy, cat, gym, about

- words کو pronounce کرتے ہوئے آوازوں پر خاص توجہ دیں تاکہ طلبہ آوازوں کو پہچان کر letters لکھ سکیں۔
- کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور ان کی مناسب رہنمائی کریں ۔
- سرگرمی کے مکمل ہونے پر طلبہ کی توجہ بورڈ پر مبذول کروائیں۔اور کہیں کہ اب ہم ہر لفظ کا پہلا letter بورڈ پر لکھیں گے۔
- طلبہ کا ایک جوڑا منتخب کریں اور اسے بورڈ کے سامنے بلائیں۔
- ان کے سامنے ایک word بولیں اور انھیں اس word کا first letter لکھنے کی ہدایت دیں۔باقی طلبہ سے درست جواب کی تصدیق کروائیں۔
- اسی طریقہ کار کے مطابق words کی مشق باقی جوڑوں سے کروائیں ۔
- طلبہ کو sounds اور letters کے نام دہرانے کو بھی کہیں اور خود بھی ساتھ دہرائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر طلبہ کا شکریہ ادا کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔

---

10 min

New word Booklet

نئے الفاظ پر مشتمل کتابچہ/ذخیرہ الفاظ

مہارتیں: پڑھنا اور لکھنا۔

تدریس سے ایک دن پہلے: طلبہ کو ایک دن پہلے چند صفحات پر مشتمل ایک کتابچہ بنانے یا کسی ایک کاپی کے آخری چند صفحات کو اس سرگرمی کے لیے مختص کرنے کی ہدایت دیں۔طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس کتابچہ میں روزانہ کلاس میں سیکھے گئے کوئی سے دو نئے الفاظ لکھیں گے۔

- طلبہ کو نئے الفاظ پر مشتمل کتابچہ کھولنے کو کہیں۔
- ان سے کہیں کہ آج کے دن سیکھے گئے کوئی دو نئے الفاظ اپنے کتابچے میں لکھیں۔
- جن طلبہ کو اُن کے منتخب کردہ الفاظ لکھنے میں مشکل پیش آرہی ہو اُن کی مدد کریں۔
- کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر طلبہ کے کام کا جائزہ لیں اور ان کی مناسب راہنمائی کریں۔
- ہفتے کے آخری دن طلبہ سے کتابچہ میں لکھے گئے الفاظ پڑھوائیں اور اگر ممکن ہو تو ان کو جملوں میں استعمال کروائیں۔

SEDiNFO.COM

Handout

– درج ذیل table کو سرگرمی نمبر 2 کے لیے استعمال کریں۔

Grapheme	Phoneme	Keyword
a	/ã/ /ā/ /a/	apple baby about
b	/b/	boy
c	/k/ /s/	cat city
d	/d/	dog
e	/ē/ /ē/	egg he
f	/f/	fish
g	/g/ /j/	goat gem
h	/h/	hat

Grapheme	Phoneme	Keyword
i	/i/ /i/	igloo hi
j	/j/	jam
k	/k/	kite
l	/l/	lamp
m	/m/	man
n	/n/	nut
o	/ô/ /ō/ /ə/ /o/	ox go son dog
p	/p/	pen
qu	/kw/	queen
r	/r/	rat
s	/s/ /z/	snake nose
t	/t/	top

Grapheme	Phoneme	Keyword
U	/û/ /y oo/ /oo/ /oo/	up pupil tube put
V	/v/	van
W	/w/	wagon
X	/ks/ /gz/ /z/	box exit xerox
Y	/y/ /ī/ /i/ /e/	yo-yo fly, July gym candy
z	/z/	zebra

SEDiNFO.COM